Test Booklet Code & Serial No. **B**
प्रश्नपत्रिका कोड व क्रमांक

# Paper-II
# URDU

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ........................................

(Name) ................................................

2. (Signature) ........................................

(Name) ................................................

Seat No. [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ]

(In figures as in Admit Card)

Seat No. ............................................................

(In words)

OMR Sheet No. [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ]

(To be filled by the Candidate)

# JUN - 05225

**Time Allowed : 2 Hours]** **[Maximum Marks : 200**

Number of Pages in this Booklet : **20** Number of Questions in this Booklet : **100**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your Seat No. and OMR Sheet No. in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of **100** objective type questions. Each question will carry *two* marks. *All* questions of Paper II will be compulsory.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to the student. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as follows :
   (*i*) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal or open booklet.
   (*ii*) Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to missing pages/questions or questions repeated or not in serial order or any other discrepancy should not be accepted and correct booklet should be obtained from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given. The same may please be noted.
   (*iii*) After this verification is over, the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each question has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** where (B) is the correct response.
   (A) ● (C) (D)
   Following wrong methods should not be used as they are not recognised by scanning machine in digitized assessment. Candidate using such method will be responsible for their loss.

| WRONG METHODS |
|---|
| (A)(B)(C)(D) (A)(B)(C)(D) (A)(B)(C)(D) (A)(B)(C)(D) |

5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done at the end of this booklet.
8. If you write your Name, Seat Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry the Test Booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. Use only Blue/Black Ball point pen.
11. Use of any calculator or log table, etc., is prohibited.
12. There is no negative marking for incorrect answers.

**विद्यार्थ्यांसाठी महत्त्वाच्या सूचना**

1. परीक्षार्थींनी आपला आसन क्रमांक या पृष्ठावरील वरच्या कोपऱ्यात लिहावा. तसेच आपणांस दिलेल्या उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक त्याखाली लिहावा.
2. सदर प्रश्नपत्रिकेत 100 बहुपर्यायी प्रश्न आहेत. प्रत्येक प्रश्नास **दोन** गुण आहेत. या प्रश्नपत्रिकेतील **सर्व** प्रश्न सोडविणे अनिवार्य आहे.
3. परीक्षा सुरू झाल्यावर विद्यार्थ्याला प्रश्नपत्रिका दिली जाईल. सुरुवातीच्या 5 मिनिटांमध्ये आपण सदर प्रश्नपत्रिका उघडून खालील बाबी अवश्य तपासून पहाव्यात.
   (*i*) प्रश्नपत्रिका उघडण्यासाठी प्रश्नपत्रिकेवर लावलेले सील उघडावे. सील नसलेली किंवा सील उघडलेली प्रश्नपत्रिका स्वीकारू नये.
   (*ii*) पहिल्या पृष्ठावर नमूद केल्याप्रमाणे प्रश्नपत्रिकेची एकूण पृष्ठे तसेच प्रश्नपत्रिकेतील एकूण प्रश्नांची संख्या पडताळून पहावी. पृष्ठे कमी असलेली/कमी प्रश्न असलेली/प्रश्नांचा चुकीचा क्रम असलेली किंवा इतर त्रुटी असलेली सदोष प्रश्नपत्रिका सुरुवातीच्या 5 मिनिटातच पर्यवेक्षकाला परत देऊन दुसरी प्रश्नपत्रिका मागवून घ्यावी. त्यानंतर प्रश्नपत्रिका बदलून मिळणार नाही तसेच वेळही वाढवून मिळणार नाही याची कृपया विद्यार्थ्यांनी नोंद घ्यावी.
   (*iii*) वरीलप्रमाणे सर्व पडताळून पाहिल्यानंतरच प्रश्नपत्रिकेवर ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेचा नंबर लिहावा.
4. प्रत्येक प्रश्नासाठी (A), (B), (C) आणि (D) अशी चार विकल्प उत्तरे दिली आहेत. त्यातील योग्य उत्तराचा रकाना खाली दर्शविल्याप्रमाणे ठळकपणे काळा/निळा करावा.
   **उदा. :** जर (B) हे योग्य उत्तर असेल तर.
   (A) ● (C) (D)
   खालील चुकीच्या पद्धती वापरू नये, कारण डिजिटाइज्ड (Digitized) मूल्यांकनात स्कॅनिंग मशीन त्यांना ओळखत नाही. त्या पद्धती वापरून नुकसान झाल्यास त्यास विद्यार्थीच जबाबदार असतील.

| WRONG METHODS |
|---|
| (A)(B)(C)(D) (A)(B)(C)(D) (A)(B)(C)(D) (A)(B)(C)(D) |

5. या प्रश्नपत्रिकेतील प्रश्नांची उत्तरे **ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेतच दर्शवावीत.** इतर ठिकाणी लिहिलेली उत्तरे तपासली जाणार नाहीत.
6. आत दिलेल्या सूचना काळजीपूर्वक वाचाव्यात.
7. प्रश्नपत्रिकेच्या शेवटी जोडलेल्या कोऱ्या पानावरच कच्चे काम करावे.
8. जर आपण ओ.एम.आर. वर नमूद केलेल्या ठिकाणाव्यतिरिक्त इतर कोठेही नाव, आसन क्रमांक, फोन नंबर किंवा ओळख पटेल अशी कोणतीही खूण केलेली आढळून आल्यास अथवा असभ्य भाषेचा वापर किंवा इतर गैरमार्गांचा अवलंब केल्यास विद्यार्थ्याला परीक्षेस अपात्र ठरविण्यात येईल.
9. परीक्षा संपल्यानंतर विद्यार्थ्याने मूळ ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिका पर्यवेक्षकांकडे परत करणे आवश्यक आहे. तथापि, प्रश्नपत्रिका व ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेची द्वितीय प्रत आपल्याबरोबर नेण्यास विद्यार्थ्यांना परवानगी आहे.
10. फक्त निळ्या किंवा काळ्या बॉल पेनचाच वापर करावा.
11. कॅलक्युलेटर किंवा लॉग टेबल वापरण्यास परवानगी नाही.
12. चुकीच्या उत्तरासाठी गुण कपात केली जाणार नाही.

# URDU

## Paper II

**Time Allowed : 120 Minutes]** **[Maximum Marks : 200**

**Note :** This paper contains **Hundred (100)** multiple choice questions. Each question carrying **Two (2)** marks. Attempt *All* questions

1. ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
مندرجہ بالا شعر میں شاعر نے کون سی صنعت استعمال کی ہے؟

(A) تشبیہ

(B) استعارہ

(C) تلمیح

(D) ایہام

2. ''اردو ادب میں رومانوی تحریک'' کس کی کتاب ہے؟

(A) قمر رئیس

(B) محمد حسن

(C) علی جواز زیدی

(D) علی سردار جعفری

3. مشتاق احمد یوسفی کا انشائیہ ''جنوب لطیفہ'' ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) آب گم

(B) زرگزشت

(C) خاکم بدہن

(D) چراغ تلے

4. ذیل میں کون سی کتاب گیان چند جین کی نہیں ہے؟

(A) عام لسانیات

(B) لسانی مطالعے

(C) تفسیر غالب

(D) ذکر غالب

5. ذیل میں افسانہ نگار اور ان کے افسانوی مجموعے کا نام درج ہے۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے :

(A) کرشن چندر— پیرس کی ایک شام

(B) جیلانی بانو— راستہ بند ہے

(C) خواجہ احمد عباس— برف پر مکالمہ

(D) غیاث احمد گدی— ایک حلفیہ بیان

6. ذیل میں سے کس ڈراما نگار کا تعلق 'نیو الفریڈ تھیٹریکل کمپنی' سے تھا؟

(A) امتیاز علی تاج

(B) امانت لکھنوی

(C) آغا حشر کاشمیری

(D) نواب علی نفیس

7. ذیل میں کون سی نظم ساحر لدھیانوی کی ہے؟

(A) حب وطن

(B) جاتری

(C) حویلی

(D) گریز

8. قصیدہ ''تضحیک رزگار'' کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) تمغائے مسلمانی

(B) درہجو اسپ

(C) تسبیح سلیمانی

(D) تاج سلطانی

9. شمالی ہندوستان میں اردو مرثیے کے پہلے شاعر کون ہیں؟

(A) میر انیس

(B) اسمٰعیل اروہوی

(C) مرزا دبیر

(D) محسن کاکوروی

10. 'دکنی اردو' نے کس مقامی زبان سے زیادہ اثر قبول کیا؟

(A) کوکنی

(B) کنڑی

(C) مرہٹی

(D) گجری

11. کیوں منڈاتا ہے زلف کو پیارے

دیکھ تجھ کو کہیں گے سب مورکھ

مندرجہ بالا شعر میں شاعر نے کون سی صنعت استعمال کی ہے؟

(A) حسن تعلیل

(B) مبالغہ

(C) مراعات النظیر

(D) ایہام

12. درج ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق ایہام گوئی سے ہے؟

(A) میرؔ

(B) دردؔ

(C) آبروؔ

(D) مومنؔ

13. ایسی نثری صنف جس میں کسی شخصیت کے نقوش اس طرح ابھارے جائیں کہ اس کی خوبیاں اور خامیاں اجاگر ہو جائے اور قاری کے سامنے ایک جیتی جاگتی تصویر آ جائے، اسے کیا کہتے ہیں:

(A) خاکہ نگاری

(B) سفرنامہ

(C) رپورتاژ

(D) انشائیہ

14. 'ساختیات، پس ساختیات اور مشرقی شعریات' کے مصنف ہیں:

(A) قمر رئیس

(B) گوپی چند نارنگ

(C) شکیل الرحمٰن

(D) محمد حسن

15. ذیل میں سے کون سا ترقی پسند افسانہ نگار نہیں ہے؟

(A) عصمت چغتائی

(B) قرۃ العین حیدر

(C) کرشن چندر

(D) خواجہ احمد عباس

16. اردو کا پہلا مکمل ڈراما کون سا ہے؟

(A) انارکلی

(B) جودھا اکبر

(C) پردۂ غفلت

(D) اندرسبھا

17. سب رات مری سپنوں میں گزر جاتی ہے اور
میں سوتا ہوں پھر صبح کی دیوی آتی ہے،
اپنے بستر سے اٹھتا ہوں، منہ دھوتا ہوں
لایا تھا کل جو ڈبل روٹی
اس میں سے آدھی کھائی تھی
باقی جو بچی وہ مرا آج کا ناشتہ ہے!
مندرجہ بالا شعری حصہ کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) انقلاب

(B) کلرک کا نغمہ محبت

(C) بازگشت

(D) کسان

18. زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے
درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) میر درد

(B) میر تقی میر

(C) ولی دکنی

(D) مرزا غالب

19. ایسی صنف جس میں داستان کی طرح مافوق الفطرت قصے، عشق و محبت کی کہانیاں، جنگ اور ہم جوئی کے واقعات، کسی معاشرے کے حالات اور نصیحت کے مضامین بھی بیان ہوئے ہیں، اسے شاعری کی کس صنف میں شمار کیا جاتا ہے؟

(A) غزل

(B) رباعی

(C) قصیدہ

(D) مثنوی

.20 دکن میں اردو کے اولین نمونے ہیں، کس دور میں ملنے شروع ہو جاتے ہیں؟

(A) قطب شاہی دور

(B) بہمنی دور

(C) آصف جاہی دور

(D) عادل شاہی دور

.21 بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

درج بالا شعر میں شاعر نے کون سی صنعت استعمال کی ہے؟

(A) تشبیہ

(B) استعارہ

(C) کناہ

(D) تلمیح

.22 درج ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق دبستان لکھنؤ سے نہیں ہے؟

(A) میر تقی میر

(B) انشاء اللہ خاں انشاء

(C) آتش

(D) مصحفی

.23 ذیل میں سفرنامہ اور سفرنامہ نگار کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(A) جاپان چلو جاپان چلو— ابن انشاء

(B) سفرنامہ روم و مصر و شام— مجتبیٰ حسین

(C) مسافران لندن— سرسید احمد خاں

(D) ابن بطوطہ کے تعاقب میں— شبلی نعمانی

.24 شبیہ الحسن کا تعلق کس تنقیدی دبستان سے ہے؟

(A) اسلوبیاتی تنقید

(B) سائنٹیفک تنقید

(C) نفسیاتی تنقید

(D) تاثراتی تنقید

.25 سہیل عظیم آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) مجیب الرحمٰن

(B) حبیب الرحمٰن

(C) سہیل الرحمٰن

(D) شکیل الرحمٰن

26. ڈرامے کے فن اور اصول سے متعلق ہندوستان کی پہلی اہم کتاب کونسی ہے؟

(A) ناٹک ساگر

(B) اردو ڈرامے پر ایک دقیق نظر

(C) ناٹیہ شاستر

(D) اردو ڈرامے کا ارتقاء

27. مخدوم محی الدین کی نظم 'چاند تاروں کا بن' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(A) آزاد نظم

(B) نثری نظم

(C) معریٰ نظم

(D) پابند نظم

28. ذیل میں سے کون سا کردار مثنوی 'کدم راؤ پدم راؤ' کا ہے؟

(A) سلکھن پری

(B) جوگی

(C) کنچن پٹن

(D) اکھرناتھ

29. غزل میں مطلع کے بعد آنے والے مطلع کو کیا کہتے ہیں؟

(A) حسن مطلع (B) مقطع

(C) تخلص (D) قافیہ

30. ذیل میں کون سا شاعر ہے جس کا تعلق دکن سے ہے؟

(A) ابن نشاطی (B) آبرو

(C) نصرتی (D) غواصی

31. یوں اشارے سے کہا، مجھ سے خفا سے کیوں ہو
جاں اور بوجھ کے ایسی کوئی انجان ہونوج
پڑھوں لاحول نہ کیوں، ہے تجھے شیطان لگا
لاگوا یسے کہ کوئی اے موئی شیطان ہونوج
باجی کہتی ہیں کہ اک مردوے پر غش ہے تو
مفت ایسا بھی کسی شخص پہ بہتان ہونوج

مندرجہ بالا اشعار شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A) ریختی (B) شہرآشوب

(C) مسدس (D) واسوخت

32. درج ذیل میں سے کس کا تعلق دلّی کالج سے ہے؟

(A) مرزا علی لطف

(B) مولوی مملوک علی

(C) مولوی اکرام علی

(D) شیر علی افسوس

33. کنہیالال کپور کا انشائیہ ''غالب جدید شعراء کی مجلس میں'' ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) چنگ و رباب

(B) سنگ وخشت

(C) گرد کارواں

(D) بال و پر

34. اردو میں 'مارکسی تنقید' کی ابتداء کس دور میں ہوئی؟

(A) رومانی تحریک کے دور میں

(B) علی گڑھ تحریک کے دور میں

(C) ترقی پسند تحریک کے دور میں

(D) جدیدیت کے دور میں

35. ذیل میں ناول اور اس کے کردار کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجئے :

(A) گؤدان— رائے صاحب

(B) آگ کا دریا— مسٹر کھنہ

(C) ٹیڑھی لکیر— پریما

(D) فائرایریا— دلاور خاں

36. ڈراما 'انارکلی' میں انارکلی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) نادرہ (B) زعفران

(C) ثریا (D) ستارہ

37. ذیل میں کون سی نظم برج نرائن چکبست کی ہے؟

(A) خاکِ ہند (B) نشاطِ امید

(C) برقِ کلیسا (D) آثارِ سلف

38. مرا قاتل انہیں کہتے ہیں سب اور ٹھیک کہتے ہیں
قسم سو بار وہ کھائیں قسم کھانے سے کیا ہوگا

درج بالا شعر کس کا ہے؟

(A) معین احسن جذبی

(B) عرفان صدیقی

(C) کلیم عاجز

(D) شہریار

39. ذیل میں مرثیہ کے اجزائے کی درست ترتیب کیا ہے؟

(A) رزم، رخصت، چہرہ، رجز، بین، شہادت، سراپا، آمد

(B) آمد، رزم، چہرہ، بین، سراپا، رخصت، رجز، شہادت

(C) رخصت، بین، شہادت آمد سراپا، رزم، رجز، چہرہ

(D) چہرہ، سراپا، رخصت، آمد، رجز، رزم، شہادت بین

40. ''اردو دہلی اور نواح دہلی میں پیدا ہوئی۔''

مذکورہ بالا نظریہ کس نے دیا ہے؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) محمد حسین آزاد

(C) محمود شیرانی

(D) مسعو حسن خاں

41. ''رپورتاژ' کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی

(B) فارسی

(C) فرانسیسی

(D) انگریزی

42. امام بخش ناسخ کا تعلق کس تحریک سے تھا؟

(A) ترقی پسند

(B) ایہام گوئی

(C) اصلاح زبان

(D) رومانوی

43. ذیل میں خطوط کا مجموعہ اور مکتوب نگار کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) عود ہندی— الطاف حسین حالی

(B) کاروان خیال— مولانا ابوالکلام آزاد

(C) نقوش زنداں— فیض احمد فیض

(D) سجاد ظہیر— زہر لب

44. ''زندوں کی تعریف کو قصیدہ بولتے ہیں اور مردوں کی تعریف کو جس میں تاسف اور افسوس بھی شامل ہوتا ہے، مرثیہ کہتے ہیں۔''

مذکورہ بالا خیال کس کا ہے؟

(A) وحید الدین سلیم

(B) شبلی نعمانی

(C) الطاف حسین حالی

(D) محمد حسین آزاد

45. ذیل میں ناول اور ناول نگار کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے :

(A) عبدالحلیم شرر — فردوس بریں

(B) شوکت صدیقی — اداس نسلیں

(C) انتظار حسین — خدا کی بستی

(D) ڈپٹی نذیر احمد — ایک چادر میلی سی

46. ''رانی کیتکی کی کہانی'' میں راجہ سورج بھان کے بیٹے کا کیا نام ہے؟

(A) چندر بھان

(B) مدن بھان

(C) کیلاش بھان

(D) کنوراودے بھان

47. مولانا محمد حسین آزاد کی پیدائش کا سال کون سا ہے؟

(A) 1834ء

(B) 1829ء

(C) 1830ء

(D) 1832ء

48. ذیل میں سے کس شاعر کے کلام میں ہندوستانی دیو مالائی عناصر کا اثر سب سے زیادہ ہے؟

(A) فراق گورکھپوری

(B) عرفان صدیقی

(C) شہریار

(D) کلیم عاجز

49. کس صنف شاعری کی ہیئت میں قافیہ اور ردیف کی بنیادی اہمیت ہے؟

(A) نظم (B) غزل

(C) قطعہ (D) مثنوی

50. وہ علم جس میں کسی زبان کی امتیازی آوازوں کا مطالعہ کیا جائے :

(A) نحویات (B) معنیات

(C) فونیمیات (D) مارفیمیات

51. رباعی کس بحر میں کہی جاتی ہے؟

(A) بحر کامل (B) بحر ہزج

(C) بحر رجز (D) بحر متدارک

52. درج ذیل میں سے کن کا تعلق جدید افسانہ نگاری سے نہیں ہے؟

(A) رضیہ سجاد ظہیر

(B) انور سجاد

(C) احمد ہمیش

(D) بلراج مین را

53. الطاف حسین حالی نے ''حیات جاوید'' کے نام سے کس کی سوانح لکھی ہے؟

(A) مرزا اسداللہ خاں غالب

(B) شیخ سعدی

(C) حضرت عمر فاروق

(D) سرسید احمد خاں

54. محمد حسین آزاد کی کتاب 'سخن دان فارس' میں کس طرح کی تحقیق ہے؟

(A) لسانی تحقیق

(B) شاعری کی تحقیق

(C) داستان کی تحقیق

(D) دکنی ادب کی تحقیق

55. ''نعیمہ اور حمیدہ'' کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) فردوس بریں

(B) امراؤ جان ادا

(C) ٹیڑھی لکیر

(D) توبتہ النصوح

56. ''فسانہء عجائب'' میں جان عالم کی پیدائش کے وقت فیروز بخت کی عمر کیا بتائی گئی ہے؟

(A) 50 سال (B) 55 سال

(C) 65 سال (D) 60 سال

57. نظم 'معریٰ' میں کس کی پابندی نہیں ہوتی ہے؟

(A) قافیے کی پابندی

(B) ردیف کی پابندی

(C) ارکان کی پابندی

(D) بحر کی تعداد ہر مصرعے میں برابر نہیں ہوتے

.58 غزل میں دو یا دو سے زیادہ ایسے اشعار جن میں معنوی ربط پایا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مثلث

(B) مسدس

(C) ترجیع بند

(D) قطعہ بند

.59 ''ایک ایسی نظم جس میں کسی کی مدح، ہجو یا مذمت کی گئی ہو'' اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) غزل (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) مثنوی

.60 ہندوستان میں آریوں کا سابقہ کس سے ہوا تھا؟

(A) مغلوں سے

(B) آدی باسیوں سے

(C) دراویدی سے

(D) مالاباریوں سے

.61 مثمن کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دس (B) چار

(C) چھ (D) آٹھ

.62 ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق حلقۂ ارباب ذوق سے نہیں ہے؟

(A) ن.م.راشد

(B) قیوم نظر

(C) یوسف ظفر

(D) پرویز شاہدی

.63 ذیل میں خودنوشت سوانح اور اس کے مصنف کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

(A) الفاروق— الطاف حسین حالی

(B) حیات جاوید— اختر الایمان

(C) خواب باقی ہیں— آل احمد سرور

(D) اس آباد خرابے میں— مسعود حسن خاں

.64 الطاف حسین حالی نے مقدمہ شعر و شاعری میں ملٹن کے کس خیال کی پیروی کرتے نظر آتے ہیں کہ ''شعر میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہیے؟''

(A) جوش، اصلیب اور کائنات کا مطالعہ

(B) سادگی، اصلیت اور جوش

(C) اصلیب، سادگی اور تحفص الفاظ

(D) سادگی، جوش اور تخیل

65. پنڈت رتن ناتھ سرشار نے ناول ''فسانہء آزاد'' کس اخبار میں قسط وار شائع کیا؟
(A) دہلی اخبار
(B) اودھ نامہ
(C) اودھ اخبار
(D) جام جہاں نما

66. داستان ''سب رس'' میں ہمت کے بھائی کا کیا نام ہے؟
(A) رقیب
(B) قامت
(C) ہدایت
(D) عافیت

67. ہر آن دوستوں کی محبت گھٹاتی ہے
جو آشنا ہیں ان کی تو الفت گھٹاتی ہے
اپنوں کی میر غیر کی چاہت گھٹاتی ہے
شرم و حیا و عزت و حرمت گھٹاتی ہے
مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کا ہے؟
(A) اکبرالہ آبادی
(B) نظیر اکبرآبادی
(C) الطاف حسین حالی
(D) محمد حسین آزاد

68. ذیل میں سے کون سے شاعر طب، ریاضی، نجوم، موسیقی اور شطرنج میں بھی اچھی دستگاہ رکھتے تھے؟
(A) مومن خاں مومن
(B) مرزا غالب
(C) میر تقی میر
(D) میر درد

69. قصیدے کے اجزائے کی درست ترتیب کیا ہے؟
(A) حسن طلب، مدح، دعا، گریز، تشبیب
(B) مدح، دعا، گریز، حسن طلب، تشبیب
(C) دعا، گریز، تشبیب، حسن طلب، مدح
(D) تشبیب، گریز، مدح، حسن طلب دعا

70. انسانی آواز کے سائنسی مطالعہ کا نام کیا ہے؟
(A) نحویات
(B) صرفیات
(C) صوتیات
(D) فونمیات

71. ایسی نظم جس میں عاشق اپنے محبوب کے ظلم وستم سے تنگ آکر اس سے بیزاری کا اظہار کرتا ہے، کیا کہتے ہیں؟

(A) مستزاد

(B) واسوخت

(C) تضمین

(D) شہر آشوب

72. ''ترقی پسند ادب'' کس کی کتاب ہے؟

(A) خلیل الرحمٰن اعظمی

(B) علی سردار جعفری

(C) قمر رئیس

(D) اختر حسین رائے پوری

73. ذیل میں انشائیہ اور انشائیہ نگار کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

(A) رشید احمد صدیقی — سائیکل کی سواری

(B) پطرس بخاری — چارپائی

(C) مشتاق احمد یوسفی — مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

(D) احمد جمال پاشا — شاست اعمال

74. 'نقد الشعر' کس کی کتاب ہے؟

(A) ابن خلدون

(B) ابن قتیبہ

(C) ابن رشیق

(D) قدامہ ابن جعفر

75. ناول ''امراؤ جان ادا'' میں امراؤ جان کی سہیلی کا نام کیا تھا؟

(A) کریمن

(B) خورشید

(C) بسم اللہ خان

(D) نصیبن

76. ''فریدوں اور نوشابہ'' ذیل میں سے کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

(A) ضحاک

(B) یہودی کی لڑکی

(C) پردہ غفلت

(D) انارکلی

77. حالی کی نظم 'مناجات بیوہ' کب لکھی گئی؟

(A) 1888ء (B) 1882ء

(C) 1884ء (D) 1886ء

78. ذیل میں شاعر اور ان کے مجموعے کا نام ہے۔ درست جوڑیاں بنائیے :

(A) اسم اعظم — جوش ملیح آبادی

(B) عشق نامہ — عرفان صدیقی

(C) گداز شب — شہریار

(D) جب فصل بہاراں آئی تھی — مجروح سلطان پوری

79. 'مریخ خاں' کس مثنوی کا کردار ہے؟

(A) کدم راؤ پدم راؤ

(B) گلزار نسیم

(C) قطب مشتری

(D) سحر البیان

80. شورسینی پراکرت کہاں بولی جاتی رہی ہے؟

(A) مالوہ

(B) متھرا

(C) دلی

(D) لکھنؤ

81. ذیل میں کون سی کتاب قاضی عبدالودود کی تصنیف ہے؟

(A) عبدالحق بحیثیت محقق

(B) تذکرہ مخزن نکات

(C) نادرات شاہی

(D) تدوین، تحقیق، روایت

82. ڈراما ''آگرہ بازار'' میں کس شاعر کو موضوع بنایا گیا ہے؟

(A) ل.احمد اکبرآبادی

(B) نظیر اکبرآبادی

(C) سیماب اکبرآبادی

(D) میر تقی میر

83. 'ہائیکو' کس ملک کی صنف ہے؟

(A) روسی

(B) انگریزی

(C) فرانسیسی

(D) جاپانی

84. درج ذیل میں سے کس کا تعلق دبستان دہلی سے ہے؟

(A) درد

(B) جرأت

(C) آتش

(D) ناسخ

85. پطرس بخاری کا اصل نام کیا ہے؟

(A) سید عبداللہ بخاری

(B) سید احمد شاہ بخاری

(C) سید علی احمد بخاری

(D) سید احمد بخاری

86. جوش ملیح آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(A) شبیر حسین خاں

(B) مبشر حسن خاں

(C) شبیر حسن خاں

(D) بشیر احمد خاں

87. نمک خوان تکلم ہے فصاحت میری
ناطقے بند ہیں سن سن کے بلاغت میری
درج بالا شعر کس صنف شاعری سے تعلق رکھتا ہے؟

(A) غزل

(B) نظم

(C) قصیدہ

(D) مرثیہ

88. چمن میں گل نے جو کل دعویٰ جمال کیا
جمال یار نے منہ اس کا خوب لال کیا
درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) مرزا محمد رفیع سودا

(B) میر تقی میر

(C) مرزا غالب

(D) مومن خاں مومن

89. جدید ہند آریائی کا زمانہ کب سے کب تک کا ہے؟

(A) 1000 تا حال

(B) 500 تا 1000

(C) 100 تا 500

(D) 300 تا 800

90. ترائیلے (Triolet) کتنے مصرعوں پر مشتمل صنف شاعر ہے؟

(A) چار

(B) چھ

(C) آٹھ

(D) بارہ

91. فورٹ ولیم کالج کے شعبۂ تصنیف میں ملازم میر بہادر علی حسینی کہاں کے باشندے تھے؟

(A) کلکتہ

(B) لکھنؤ

(C) دلی

(D) مرشد آباد

92. رشید احمد صدیقی کے طنز و مزاح سے متعلق مضامین کے مجموعے کا کیا نام ہے؟

(A) مضامین رشید

(B) نرم وگرم

(C) شیشہ و تیشہ

(D) سنگ وخشت

93. 'بھرت منی' نے رس کی کتنی قسمیں بتائی ہیں؟

(A) چھ

(B) آٹھ

(C) چار

(D) بارہ

94. ذیل میں افسانہ اور اس کے کردار کا نام درج ہے—درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

(A) اندھے— پھگوا

(B) الاؤ— رام نرائن

(C) ایک لڑکی— عائشہ

(D) بابا لوگ— ڈولی

95. افسانہ ''پیرن'' سعادت حسن منٹو کے کس افسانوی مجموعے میں شامل ہے؟

(A) ٹھنڈا گوشت

(B) دھواں

(C) سرکنڈوں کے پیچھے

(D) کالی شلوار

96. ڈراما 'یہودی کی لڑکی' کتنے ایکٹ پر مشتمل ہے؟

(A) دو

(B) پانچ

(C) چار

(D) تین

97. سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام
دنیا ہے عجب چیز ! کبھی صبح کبھی شام
مدت سے تم آوارہ ہو پہنائے فضا میں
بڑھتی ہی چلی جاتی ہے بے میرئی ایام

مندرجہ بالا اشعار اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) لالہ صحرائی

(B) ذوق شوق

(C) ساقی نامہ

(D) شعاع امید

98. مجروح سلطان پوری کا شعری مجموعہ 'غزل' اور کس نام سے شائع ہوا ہے؟

(A) مشعل جاں

(B) نشاط روح

(C) تلخیاں

(D) سرِ وادئی سینا

99. 'مرثیہء عارف' کس نے لکھا؟

(A) مرزا غالب

(B) جمیل مظہری

(C) میر انیس

(D) مرزا دبیر

100. ''ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔''

مندرجہ بالا جملہ کس نے کہا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) مسعود حسن خان

(C) محی الدین قادری زور

(D) حافظ محمود شیرانی

## ROUGH WORK